# 100325 ـ کیا میرا والد ماں کی طرف سے بھائی کی بیوی کا محرم ہو گا ؟

**سوال**

میری والدہ کی جانب سے بھائی نے شادی کر لی ہے تو کیا میرا والد اس کی بیوی کا محرم ہو گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کا والد اس کا محرم نہیں ہو گا، کیونکہ وہ اس کا بیٹا نہیں بلکہ اس کی بیوی کا بیٹا ہے، چنانچہ آپ کی والدہ کی طرف سے آپ کا بھائی آپ کے والد کی بیوی کا بیٹا ہے جو آپ کی والدہ ہے، اس لیے آپ کے ماں کی طرف سے بھائی کی بیوی آپ کے والد کے لیے اجنبی ہے اور وہ اس کا محرم نہیں ہو گا.

اور اگر وہ اسے طلاق دے دے تو آپ کے والد کے لیے اس سے نکاح کرنا جائزہے؛ کیونکہ وہ اس کے سگے بیٹے کی بیوی نہیں، اور نہ ہی وہ اس کی بیوی کی بیٹی ہے، وہ اس طرح کہ اس کی پرورش نہیں تو اس طرح وہ اس کا محرم نہیں، بلکہ وہ تو اس کی بیوی کے بیٹے کی بیوی ہے جو اس کے لیے ایك اجنبی عورت کی حیثیت رکھتی ہے .

واللہ تعالی اعلم .